سوال

(943) بچیوں کو مختصر لباس پہنانا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

بعض عورتیں ہیں، اللہ انہیں ہدایت دے، وہ اپنی چھوٹی بچیوں کو بڑا مختصر لباس پہناتی ہیں، اس سے ان کی پنڈلیاں ننگی ہوتی ہیں، جب ان کی ماؤں کو کوئی نصیحت کی جاتی ہے تو جواب دیتی ہیں : ہم بھی اس سے پہلے اسی طرح پہنا کرتی تھیں، اس نے ہمیں تو کوئی نقصان نہیں پہنچایا اور ہم بڑی ہو گئی ہیں۔ اس بارے میں آپ کی کیا رائے ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

میں سمجھتا ہوں کہ چھوٹی بچی کو بھی اس طرح مختصر لباس نہیں پہنانا چاہیے کیونکہ اگر وہ اس کی عادی ہو گئی تو یہ ہمیشہ اسے ہی اپنائے گی اور یہ لباس اس کے لیے ایک عام اور معمول کی بات ہو گی۔ لیکن اگر اسے باحیا اور باوقار لباس کا عادی بنایا جائے تو بڑی ہو کر وہ اسی کی عادی ہو گی۔

میں اپنی مسلمان بہنوں کو نصیحت کروں گا کہ باہر کے دشمنان دین کا لباس چھوڑ دیں، اور اپنی چھوٹی بچیوں کو بھی کامل اور ساتر (چھپا لینے والے) لباس کا عادی بنائیں اور یہ کہ وہ حیا دار بنیں۔ اور حیا ایمان کا حصہ ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 674

محدث فتویٰ